© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اشارات

ناظرین کو یاد ہوگا کہ ذی الحجہ ۵۴ھ کی اشاعت میری بیماری کی وجہ سے ملتوی کرنی پڑی تھی۔ اس طرح جلد ہفتم میں ۸۰ صفحات کی جو کمی ہوگئی تھی اسکو جلد ہشتم کے پانچ پرچوں میں سولہ سولہ صفحات کا اضافہ کرکے پورا کردیا گیا۔ اب اس مہینے سے ترجمان القرآن حسب معمول ۸۰ صفحات پر شائع ہوگا

---

یہ رسالہ ابتدائی دو ڈھائی سال تک نہایت باقاعدگی کے ساتھ وقت پر شائع ہوتا رہا۔ مگر اب تقریباً ایک سال سے وہ باقاعدگی اور پابندیٔ وقت باقی نہیں رہی بعض مہینوں میں تو اس قدر تاخیر ہوجاتی ہے کہ ناظرین کو شکایت کا موقع مل جاتا ہے مجھے اس صورت حال پر افسوس ہے۔ کوشش کر رہا ہوں کہ حالات کی اصلاح ہوجائے۔ مگر شاید ابھی چند مہینوں تک اور یہی کیفیت رہے گی، اس لیے ناظرین سے درخواست ہے کہ ہر مہینے کی اشاعت کا انتظار دوسرے مہینہ کے پہلے ہفتہ تک فرمائیں۔ اسی لحاظ سے قواعد میں بھی ترمیم کردی گئی ہے۔

---

پچھلے دنوں جناب مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی نے ایک پرائیویٹ خط سے ترجمان القرآن کے مالی حالات معلوم کرکے از راہ ہمدردی اپنے اخبار "صدق" میں اس کا تذکرہ فرمادیا تھا۔ اسکو دیکھ کر لاہور کے اخبار "ثروتھ"۔ اور دہلی کے جریدۂ "الجمعیۃ" نے بھی چند کلمات خیر اس رسالہ اور اس کے اڈیٹر کے حق میں لکھ دیے ہیں اس ہمدردی اور خلوص و محبت کا دلی شکریہ ان سب حضرات کی خدمت میں عرض

© rasailojaraid.com

